شیل پاکستان کے جانب سے دو عدد SUVs جیتنے والے گرینڈ وِنرز کے ناموں کا اعلان

کراچی، 11 اپریل، 2022: شیل پاکستان نے دو عدد SUVs جیتنے والے گرانڈ ونرز کے ناموں کا اعلان کر دیا ہے۔ یہ انعامات شیل ہیلیکس کے کسٹمرز کے لیے حالیہ پروموشن کے دوران دیئے گئے ہیں۔ یہ انعام قربان علی اور شفی اللہ شیخ کو شیل ہاؤس میں منعقدہ ایک تقریب میں دیئے گئے۔

ایسے کسٹمرز جو ہائی اسٹریٹ اور مخصوص ریٹیل اسٹیشنوں پر اپنی گاڑیوں کے لیے شیل ہیلیکس HX-6، HX-7 اور شیل ہیلیکس 'الٹرا' کے ویری اینٹس کے 3 اور 4 لیٹر پیکس کی خریداری کرتے ہیں، اُنھیں اس پروموشن کے ذریعے 2 عدد SUVs جیتنے کا موقع فراہم کرنے کے علاوہ دیگر زبردست انعامات جیتنے کے مواقع بھی فراہم کیے گئے تھے جن میں بلیوٹوتھ اسپیکر اور الائے ریمس بھی شامل تھے۔ شیل لیوبریکنٹس اپنی پروڈکٹس میں عالمی معیار کی تیکنکی مہارت استعمال کرتا ہے جو آپ کی گاڑیوں کے لیے بہترین فارمولیشن پیش کرتے ہیں۔ شیل ہیلیکس مکمل طور پر سنتھیٹکس موٹر آئلز ہیں جنھیں قدرتی گیس سے تیار کیا جاتا ہے، جس کی وجہ سے انجن کی بہترین کارگردگی یقینی بنائی جاتی ہے۔

پشاور سے تعلق رکھنے والے قربان علی نے اپنی پسندیدہ کار جیتنے پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا: ''میں اس وقت خوشی اور حیرت کے ملے جُلے احساس سے گُذر رہا ہوں۔ شیل ہیلیکس سے میری گاڑی ہمیشہ نئی جیسی حالت میں رہی۔ اس زبردست اقدام پر میں شیل کا انتہائی ممنون ہوں۔''

کراچی کے شفی اللہ شیخ نے اِس کامیابی پر غیر معمولی خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا: ''شیل پاکستان نے میرے خواب کو تعبیر دی ہے۔ میرے گھر کے افراد SUV کا بے صبری سے انتظار کر رہے ہیں۔ میں شیل ہیلیکس کا مستقبل گاہک ہوں اور اس نے ہمیشہ میرے سفر میں غیر معمولی قدر اور معیار کا اضافہ کیا ہے۔ میں دیگر افراد کو بھی مشورہ دوں گا کہ ایک بار شیل ہیلیکس کو آزمائیں جس کے بعد مجھے یقین ہے کہ وہ دوبارہ اپنا پرانا برانڈ استعمال نہیں کریں گے۔''

شیل پاکستان کے جنرل مینجر لیوبریکینٹس زبیر شیخ نے کہا: ''شیل میں ہمارے کسٹمرز ہماری ترجیح ہیں۔ ہمیں خوشی ہے کہ ہم اپنے کسٹمرز کو سراہنے کے لیے اُن کی توقعات سے بڑھ کر کام کرتے ہیں اور اُن کی بڑی کامیابی کے لیے پروموشنز تیار کرتے رہتے ہیں۔ اُن کے جوش و خروش کو دیکھنا انتہائی غیر معمولی بات ہے۔ میں قربان علی اور شفی اللہ شیخ کو برانڈ نیو SUVs جیتنے پر دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔''

***